جائے گی اور جس طرح عنایت صاحب نے کہا کہ ہر سال دس لاکھ لوگ بے روزگار ہوں گے اور ہم سطح غربت سے چالیس فیصد لوگ نیچے آ گئے ہیں، تو جناب! یہ بہت سنجیدہ مسئلہ ہے، اس پہ ہمیں ضرور سوچنا چاہئیے اور ڈالر کی قیمت، بجلی گیس تیل اس کی وجہ سے یہ Effect تمام چیزوں پر پڑتا ہے، ضرویات زندگی جس طرح عنایت صاحب نے کہا کہ پانچ چھ چیزیں جو بنیادی ضروریات ہیں اور جو ہر گھر میں استعمال ہوتی ہیں تو اس میں سبسڈی ملنی چاہئیے۔ فیصل واوڈا صاحب کہتے ہیں کہ گیزر کا استعمال جو ہے وہ لگژری میں آتا ہے، مان لیتے ہیں گیزر کا استعمال لگژری، اے سی کا استعمال لگژری لیکن جو بنیادی ضروریات کی چیزیں ہیں، عام انسان کے لئے اس کا تو حصول ممکن ہونا چاہئیے، اس سے پہ ضرور سوچنا چاہئیے اور عوام کی زندگی کی مشکلات کو آسان بنانا چاہئیے۔ جناب! ابھی بات ہوتی ہے کہ پی ٹی آئی کی گورنمنٹ آئی ہے تو مہنگائی بڑھی ہے تو اس کا جواب ہمیں یہ ملتا ہے کہ پچھلی حکومتیں کرپٹ تھیں، پچھلی حکومتوں نے یہ کیا، پچھلی حکومتوں نے وہ کیا، پچھلی حکومتوں نے جو بھی کیا لیکن آپ لوگوں نے جو وعدے کئے تھے وہ Deliver کریں، ان کو کب آپ پایہ تکمیل تک پہنچائیں گے؟ بیروزگاری کا یہ عالم ہے کہ ماسٹر لیول کے لوگ کلاس فور کے لئے اپلائی کرتے پھیرتے ہیں اور وہ بھی ان کو میسر نہیں، فیصل واوڈا صاحب کے آج کل کے وعدے چار ہفتے بھی گزر جائیں گے جس طرح 90 دن بھی گزر گئے، جس طرح سو دن گزر گئے، یہ بھی ہم انتظار کر لیں گے کہ باہر سے لوگ نوکریوں کے لئے یہاں پر آئیں گے، اگر ہم قرضوں کی بات کریں تو قیام پاکستان سے لے کر اب تک چھ ہزار ارب قرضے لئے گئے ہیں ساٹھ سالوں میں، اور پی ٹی آئی حکومت نے سات مہینوں میں 23 سو ارب قرضے لئے ہیں، تو جناب! یہ جائزہ ذرا خود کر لیجئے کہ پچیس تیس سالوں میں بھی اتنا قرضہ نہیں لیا گیا جتنا سات مہینوں میں لیا گیا ہے اور باقی جو ممبران نے ضرویات زندگی کی چیزوں کے بارے میں تفصیل سے بات کی، زیادہ تفصیل سے میں بات نہیں کروں گی لیکن پہلے بھی میں کھڑی ہوئی پوائنٹ آف آرڈر پہ مجھے ٹائم نہیں ملا، میں منسٹر سلطان صاحب کی توجہ چاہتی ہوں، میں نے فروری میں ایک کال اٹنشن نوٹس دیا تھا جس کا نمبر 128 جو ایجنڈے پہ تھا اور منسٹر صاحب نے یقین دہانی کرائی تھی کہ سرکاری ملازمین کے ہاؤس رینٹ کے حوالے سے تھا، آپ نے کہا تھا کہ بہت جلد خوشخبری ملے گی، خوشخبری تو کیا کوئی خبر ہی نہیں ملی، یہ ہاؤس ریکوزیشن کے بارے میں تھا سرکاری ملازمین کے بارے میں، ہاؤس رینٹ کے بارے میں میں نے ریکوزیشن دی تھی سرکاری ملازمین کے سلسلے میں، آپ نے کہا تھا کہ اس پہ کمیٹی۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: سلطان صاحب! آپ ان کے ساتھ بیٹھ جائیں پھر ان کو تفصیل سے بتادیں، آپ ان کے بیٹھ جائیں۔

محترمہ ریحانہ اسماعیل: ایک اور کال اٹنشن تھا جس کی یقین دہانی مجھے شہرام صاحب نے کرائی تھی اور جس پہ نلوٹھا صاحب نے بھی دو بار بات کی لیکن اس کے بارے میں بھی کچھ نہیں ہوا ابھی تک، یہ باہر جو گٹر کی سیچویشن ہے، کبھی کہا جاتا ہے یہ پی ڈی اے کے ساتھ ہے اور کبھی کہا جاتا ہے کہ یہ کنٹونمنٹ بورڈ کے ساتھ ہے اور کبھی کہا جاتا ہے ڈبلیو ایس ایس پی کے ساتھ ہے، جس کے ساتھ بھی ہے لیکن اس کی حالت زار پہ رحم کریں، یہ بہت اہم ادارہ ہے، سپریم ادارہ ہے، اس کی جو باہر کی سیچویشن ہے یہ بہت خراب ہے۔ شکریہ جی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: عاطف خان صاحب! سب کا نمبر آئے گا جی۔

جناب محمد عاطف (سینیئر وزیر برائے سپورٹس وٹورزازم): بہت شکریہ سپیکر صاحب۔ آپ کو عمرہ بھی مبارک ہو، آپ کو بہت مزید ار ٹوپی بھی مبارک ہو، ماشاء اللہ اچھی لگ رہی ہے۔ جناب سپیکر! مہنگائی کے بارے میں بات ہوئی، یہ نہیں کہ ہمیں احساس نہیں ہے، ظاہری بات ہے جتنے یہاں پر الیکٹ ہو کر آئے ہیں ان کا اپنے حلقے کے ساتھ، اپنے لوگوں کے ساتھ رابطہ ہوتا ہے روزانہ کی بنیاد پہ، اور انہیں بھی پتہ چلتا رہتا ہے کہ جی مہنگائی ہے، اس سے لوگوں کو تکلیف ہے، اس کا ہمیں بھی احساس ہوتا ہے، یہ نہیں کہ ہم اس سے بے خبر ہیں، بلکہ میں تو یہ کہوں گا کہ پچھلے دنوں جب عمران خان صاحب یہاں آئے تھے، پرائم منسٹر صاحب ایم پی ایز کے ساتھ ان کی میٹنگ تھی تو اس میں بھی لوگوں نے یہی ڈسکشن کی کہ جی لوگوں کو تکلیف ہے، انہوں نے بھی پھر ہمیں پورا بتایا کہ کیا مسائل ہیں، اس کے لئے کیا وہ حل کر رہے ہیں؟ تو ایک تو یہ بالکل ہمیں بھی احساس ہے اور واقعی مہنگائی ہے لوگوں کو تکلیف ہے لیکن اس پہ میں تھوڑا سا جو Facts and figures یہاں پر بیان کئے گئے، ایک تو میں ریکویسٹ کروں گا کہ جو بھی ہمارے ممبران صاحبان ہیں، Responsible لوگ ہیں، جرگہ ہے پورے صوبے کا، جو بھی Facts and figures بیان کریں اس کے ذرا سورس کا پتہ کر لیا کریں، صرف واٹس اپ میسج سے نکال کے اگر یہاں پر پڑھتے ہیں تو اس میں بہت سی چیزیں جھوٹ ہوتی ہیں، یہ نہیں ضروری ہوتا کہ جی وہ ساری چیزیں ٹھیک ہوں۔ ابھی پچھلے دنوں ایک مسیج چل رہا تھا دنیا جہان سے کہ جی وہ بسیں جو آئی ہیں بی آر ٹی کی، ان کے دروازے غلط پر کھلتے ہیں، وہ جب بعد میں پتہ چلا اس کے دونوں طرف دروازے کھلتے تھے تو غلط طرف نہیں کھل رہے تھے

لیکن ایسے لگ رہا تھا جیسے پتہ ہی نہیں اور ہر ایک آدمی دوسرے کو بھیج رہا تھا، تو میرے خیال میں ویسے تو گپ شپ ہے، ٹھیک ہے لیکن اس پہ جب بحث ہو اس ہال میں، اسمبلی میں تو میرے خیال میں ہمیں Responsible statement, responsible figures دینے چاہئیں۔ جو مہنگائی ہے اس سے کوئی انکار نہیں کر رہا، ہمیں بھی احساس ہے، مشکلات ہیں، ہمیں بھی ہیں، عوام کو بہت زیادہ ہیں لیکن اس کا میں عنایت اللہ صاحب کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ انہوں نے میرے جواب سے پہلے ہی جواب دے دیا کہ جی یہ بھی ٹھیک ہے کہ بہت زیادہ پہلے قرضے لئے گئے، یہ بھی اس طرح ہے کہ پہلے یہ ہوا، وہ ہوا، اب آپ یہ سوچیں کہ مہنگائی ہوتی کیوں ہے؟ میں یہ نہیں کہہ رہا کہ مہنگائی نہیں ہے یا زیادہ نہیں ہوئی لیکن مہنگائی ہوتی کیوں ہے؟ صرف اور صرف یہ وجہ ہے بیسک کہ اگر آپ دیکھ لیں کہ اگر آپ کی ایکسپورٹ بیس ارب ڈالر کی ہو اور اگر آپ کی امپورٹ تیس ارب ڈالر کی ہو، دس ارب ڈالر کا آپ کا خسارہ ہو، Dealings آپ نے ساری کرنی ہے ڈالرز میں، ڈالر کی ڈیمانڈ کم ہو اور آپ کے پاس ڈالرز آتے کم ہوں اور آپ کے ملک سے جاتے زیادہ ہوں، دس ارب ڈالر کا خسارہ ہے اور آج سے نہیں ہے یہ بہت عرصے سے ہے، اس کی وجہ سے دس ارب ڈالر کا خسارہ جو ہے، اس کی وجہ سے Artificially، یہ تو آپ کسی سے بھی پوچھ لیں، اکنانومسٹ سے کہ Artificially ڈالر کے ریٹ کو ایک جگہ پہ رکھا گیا تھا وہ بھی غلط تھا، وہ ٹھیک نہیں تھا، کب تک آپ Artificially اس کو ایک جگہ پہ رکھیں گے، قرضے لے کر مارکیٹ میں ڈالر Float کر کر کے، کر کے کے اس کے ریٹ کو رکھا گیا تھا لیکن وہ کوئی لانگ ٹرم علاج تو نہیں تھا، لانگ ٹرم علاج کیا ہے کہ آپ کے ملک کی ایکسپورٹس بڑھیں، آپ کے ملک کی امپورٹس کم ہوں، جب تک کہ یہ Deficit کم نہیں ہو گا اس وقت تک یہ ڈالر کے اوپر یہ پریشر رہے گا اور جیسے ہی ڈالر کی قیمت بڑھتی ہے اس سے تمام چیزوں کی قیمتیں بڑھ جاتی ہیں، اب کرنا کیا ہے؟ میں اس پہ آتا ہوں کہ اگر For example جو Circular debt کی بات کی گئی یہاں پہ وہ تقریباً آٹھ سو ارب روپے تک چلا گیا ہے، Circular debt آٹھ سو ارب روپے تک، یہ تحریک انصاف نے نہیں پہنچایا، یہ عمران خان صاحب کی حکومت نے نہیں پہنچایا، یہ ایک بہت عرصے سے پانچ سو، چھ سو Artificially پھر اس میں سے دو تین سو ڈالر پانچ سو ڈالر پمپ کر دیتے ہیں، پھر وہ کچھ دنوں بعد وہ جیسے جیب میں سوراخ ہو، آپ اس میں کوئی چیز ڈالتے رہیں اور وہ نیچے اس سے گرتی رہتی ہے، تو اس کا مسئلہ Circular debt کا، نمبر ون، جب تک آپ کے تین چار پانچ ادارے، اس میں پی آئی اے، ریلوے، واپڈا، سٹیل مل جب تک یہ ادارے خسارے سے نہیں نکلیں گے اور

جب آپ کے یہ تین چار پانچ سو، چھ سو، سات سو ارب روپے سال کا خسارہ کم نہیں ہو گا، اگر وہ آپ اس نقصان پہ نہ دیں تو وہ آپ اپنے عوام پہ لگا سکتے ہیں لیکن جب وہ نقصان ہو جاتا ہے تو آپ کی جیب سے وہ پیسے چلے جاتے ہیں اور وہ پھر آپ کو دینے پڑتے ہیں، پہلی وجہ یہ ہے۔ دوسری وجہ جو ایکسپورٹ کو بڑھانے کے کچھ اقدامات لئے گئے ہیں، کچھ ایکسپورٹ میں بہتری بھی آئی ہے لیکن اگر کوئی یہ کہے کہ جی یکدم سے چھ مہینے میں یا چار مہینے میں یا آٹھ مہینے میں پاکستان کی ایکسپورٹ بہت زیادہ ہو جائے گی، امپورٹ بہت کم ہو جائے گی تو Practically یہ Possible نہیں ہوتا، آپ دنیا کا کوئی ملک اٹھا کر دیکھ لیں، جب اس کی اکنامی اس حالت پہ آتی ہے جیسے کہ پاکستان کی آج ہے، مثال کے طور پر جب سے پاکستان بنا ہے اس وقت تک تیس ہزار ارب ڈالر لئے گئے، مثال کے طور پہ اور پچھلے دس سال میں اس کے Equivalent لئے گئے، اگر ساٹھ سال میں جتنا قرضہ لیا گیا اتنا ہی دس میں اتنا قرضہ لیا گیا، اس کا نتیجہ کیا ہے، ہمیں ساڑھے چھ ارب روپیہ دن کے قرضوں کے سود میں دینا پڑ رہا ہے، ساڑھے چھ ہزار، ساڑھے چھ ارب، یہ ہے تقریباً ساڑھے چھ سو کروڑ روپے جو یہ ہم روزانہ صرف قسطوں کے سود میں دیتے ہیں جو ہماری پرانی گورنمنٹس نے لون لیا ہوا ہے، یہ اس کے سود میں جا رہا ہے۔ کل بھی میں اپنے مردان میں حلقے میں یہی بات سمجھانے کی کوشش کرتا رہا کہ ساڑھے چھ سو کروڑ یا ساڑھے چھ ارب اگر دن کا جاتا ہے، یہ ہے کتنا؟ ایک سکول تقریباً پرائمری سکول سوا کروڑ کا بنتا ہے، ایک روڈ ایک کلو میٹر کا تقریباً سوا کروڑ کا بنتا ہے تو آپ یہ اندازہ کریں کہ یہ پانچ چھ سو، ساڑھے چھ سو کلو میٹر روڈ کے یا پانچ چھ سو سکول، یہ ایک دن کا یہ پیسہ ملک سے باہر جا رہا ہے۔ اب یہ تحریک انصاف کی حکومت نے نہیں کیا لیکن جو لون لئے گئے ہیں، ان کی قسط تو ہم نے دینی ہے، اس کا سود ہم نے دینا ہے، جب اتنا پیسہ دن کی بنیاد پہ آپ اندازہ کریں، اگر یہ لون نہ ہوتا مثال کے طور ساڑھے چھ سو کلو میٹر ہر روز اس ملک میں روڈ بنتا، ساڑھے چھ سو سکول ہر روز اس ملک میں بنتے لیکن جب قرضہ اتنا لیا ہوا ہے کہ ساڑھے چھ ارب روپے دن کا دینا پڑ رہا ہے تو اس کا زور تو کہیں نہ کہیں نکلے گا۔ اب کوشش کیا ہے؟ کوشش یہ ہے کہ باہر کے ممالک سے انوسٹمنٹ لائی جائے، باہر کے ممالک سے Aid لی جائے تاکہ یہ یہاں پہ انوسٹمنٹ ہو اور کاروبار بڑھے، حکومت کو ریونیو ملے، لوگوں کو روزگار ملے، اس کے علاوہ اور کوئی چارہ نہیں ہے۔ فارن ڈائریکٹ انوسٹمنٹ کے لئے ہم کوشش کر رہے ہیں، جب ملک کا Ease of doing business ایک Word ہے کہ جب آپ کسی ملک میں بزنس کرتے ہیں تو وہاں پر کتنی Ease ہوتی ہے، آپ کو یا آپ کو کتنے اداروں سے ڈیل کرنا پڑتی ہے یا آپ کو کتنی رشوت

دینا پڑتی ہے یا آپ کو کیا مشکلات ہوتی ہیں، یہ انٹرنیشنل رینکنگ ہے، Ease of doing business میں پاکستان کا نمبر 137 پر ہے، اب اگر پاکستان کا نمبر 137 پر ہے تو ظاہری بات ہے جب تک آپ Ease of doing business کو بہتر لیول پر نہیں لے کر جائیں گے اس وقت تک Investors بھی پاکستان میں نہیں آئیں گے۔ آپ پچاس اداروں کو اس کے سامنے کر دیتے ہیں کہ جی پچاس اداروں کو ڈیل کرو، Foreign investors جو بھی آتا ہے وہ کہتا ہے مجھے ایک ادارہ بتاؤ، ایک ادارے سے میں ڈیل کروں گا، اسی سے میں زمین لوں گا، اسی سے میں نقشہ پاس کراؤں گا، اسی سے میں سب کچھ کروں گا، پھر وہ ڈیل کرتا ہے، وہ یہ نہیں کہتا کہ جی آپ نقشہ ایک سے کراؤ تو زمین دوسری سے لو، تو بجلی چوتھے سے لو، وہ کہتے ہیں کہ یہ ہم نہیں کرتے، جب تک یہ چیزیں Ease of doing business کی ٹھیک نہیں ہوں گی اس وقت تک انوسٹمنٹ نہیں آئے گی، اس وقت یہ پرابلمز تھے۔ اب ان ساری چیزوں پر کام ہو رہا ہے، یہ نہیں کہ نہیں ہو رہا، Ease of doing business پر کام ہو رہا ہے، انوسٹمنٹ پر کام ہو رہا ہے جو یہاں پر جو گھروں کی سکیم ہے، کیا نام ہے اس کا ہاؤس سکیم جو ہے جو اعلان کیا گیا تھا کہ پچاس لاکھ گھر بنائیں گے، مشکل کام ہے، بہت مشکل کام ہے لیکن اس کے لئے کوشش ہو رہی ہے اور کوشش جب اس کے مسائل دیکھے گئے، مسائل یہ ہیں کہ یہاں پر اگر آپ کے قوانین اس طرح کے ہیں، یہاں پر آپ کسی کو گھر کرائے پر دے دیں تو اس سے آپ گھر کرائے کا خالی نہیں کرا سکتے، تو جب آپ کسی کی اونرشپ ہو تو اس سے اگر آپ گھر خالی کرائیں گے تو بہت مشکلات ہیں اس میں، اس وجہ سے اس کے قوانین چینج کئے جا رہے ہیں۔ بینک انوسٹمنٹ نہیں کرتا، لوگوں کو قرضے دینے میں، میرے خیال میں انڈیا میں الیون پرسنٹ ہاؤس لونز، ملیشیا میں 33 پرسنٹ ہے، یو ایس میں کوئی ستر بہتر پرسنٹ ہے، پاکستان میں میرے خیال میں ٹو پرسنٹ بھی نہیں ہے کیونکہ وہ Relevant قوانین نہیں بنے، تو جب تک آپ اس کے لئے قوانین نہیں بنائیں گے، بینک لوگوں کو قرضہ نہیں دیں گے، اس وقت تک یہ چیزیں، یہ ایک سرکل ہے، اگر کوئی بھی یہ کہے کہ جی یہ چھ مہینے میں یا سات مہینے میں یہ ٹھیک ہو جائیں گا، تو یہ چھ مہینے میں یا سات مہینے، بائیس کروڑ کا ملک، جو Documented economy ہے اس سے زیادہ Documented economy، ایف بی آر کے فگرز کی بات کی گئی کہ جی ایف بی آر کے فگرز کا ریونیو ان کا کم ہوا ہے، جب لوگوں پر ہاتھ ڈالا گیا، جب منی لانڈرنگ روکی جا رہی ہے، جب کرنسی ڈیلرز کے ساتھ حساب کتاب شروع ہوا ہے تو ظاہری بات ہے تھوڑا سا ریونیو، لوگ عادی نہیں ہیں، لوگ ٹیکس دینے کے عادی نہیں ہیں، آپ یہاں حیات آباد چلے

جائیں، آپ اسلام آباد چلے جائیں، آپ کسی بھی ہاؤسنگ سوسائٹی میں چلے جائیں، وہاں پر گھر دیکھ لیں اور ان سے آپ صرف گھنٹی مار کر یہ پوچھ لیں کہ جی آپ ٹیکس کتنا دیتے ہیں، پورے ملک میں بائیس کروڑ کی آبادی میں چودہ لاکھ بھی ٹیکس نہیں دیتے، ٹیکس فائلر صرف چودہ لاکھ ہیں، اس میں جو Actual Tax دیتے ہیں وہ آٹھ لاکھ ہیں، تو جب تک ان چیزوں کو ٹھیک نہیں کیا جائے گا تو یہ کوئی اس طرح نہیں ہو سکتا کہ جی ہم کہیں کہ جی سات مہینے میں ٹھیک ہو جائے گا۔ اس طرح Employment کا ہے، Employment کا واڈا صاحب نے جو بات کی، ہو سکتا ہے کہ ان کے پاس کوئی فگرز ایسے ہوں کہ وہ دو ہفتے میں پتہ نہیں لاکھوں یا وہ، لیکن میں اس چیز سے اتفاق نہیں کرتا، میں خود یہ سمجھتا ہوں کہ ہمیں وہ سٹیٹمنٹ نہیں دینی چاہئیے جس سے آپ زیادہ Expectation پیدا کریں اور پھر اس کو آپ پورا نہ کر سکیں، اس سے اور Frustration ہوتی ہے، اس سے اور لوگوں میں ایک ناامیدی پیدا ہوتی ہے، تو میرے خیال میں ایسی سٹیٹمنٹ نہیں دینی چاہئیے، ایک طریقہ کار ہے اس کے مطابق چیزیں چلتی رہتی ہیں۔ یہاں پر صوبے کے لونز کی بات کی گئی، دیکھئے لون اچھی چیز نہیں ہے، اگر آپ کے پاس اپنے پیسے ہوں سو بسم اللہ، اچھی بات ہے لیکن اگر آپ ایسے پراجیکٹس کے لئے پیسے لیتے ہیں جن سے آپ کی ریونیو جنریشن ہو سکتی ہے، اس کے لئے اگر آپ پیسہ لیں تو کوئی بری بات نہیں ہوتی، یہ پوری دنیا میں اسی طرح ہوتا ہے، پوری دنیا کا کاروبار اسی طرح چلتا ہے کہ آپ For example آپ کسی بینک سے پانچ پرسنٹ پر لون لیتے ہیں اور آپ سے کوئی ہائیڈل پراجیکٹ لگاتے ہیں اور اس کی انکم پندرہ پرسنٹ ہے تو اگر آپ پانچ پرسنٹ اس میں سے لون اس کو واپس کریں بھی، تو آپ کو پھر دس پرسنٹ بچتا ہے، تو یہ میرے خیال میں کوئی بری بات نہیں ہوتی، پوری دنیا میں اسی طرح ہوتا ہے، تو لون ہمیں لینا چاہئیے، ایسا لون جو کہ آپ کی ریونیو جنریشن میں مدد کرے، جو آپ کی اکانومی میں مدد کرے، اس طرح نہیں ہوتا کہ جی ہم ہاتھ پر ہاتھ دھرے بیٹھ جائیں کہ جی ہمارے پاس اپنے بھی پیسے نہیں ہیں اور ہمیں کسی سے لون بھی نہیں لینا چاہئیے، For example ہمیں ورلڈ بینک سے بھی کچھ ملین ڈالر مل رہے ہیں جو صرف 1.25 پرسنٹ پر ہے، صرف 1.25 پرسنٹ پر، وہ Equivalent to grant ہے، اتنی Easy installment پر ہے اور 35 سال اس کا Payback period ہے، تو اگر وہ ہم لے لیں اور اس سے ہم کوئی جھگیں بنالیں، اس سے جو ریونیو آئے گا تو اس سے Automatically ریونیو جنریٹ بھی ہو گا، اکانومی بھی بڑھے گی اور لوگوں کو روزگار بھی ملے گا، مقصد یہ ہے کہ اگر ہم صرف لون کو لون لے کر اس پر عیاشی کریں، اس پر بڑے بڑے

دفتر بنائیں، اس سے بڑی بڑی گاڑیاں خریدیں، اس میں دفتروں میں لیدر کے صوفے ڈلوائیں یا لاکھوں روپے کی تنخواہیں دیں، وہ ٹھیک نہیں ہے لیکن جس سے آپ کی اکانومی کو فائدہ ہوتا ہے، میرے خیال میں اس کو لینا چاہئیے تاکہ Business activity بڑھتی رہے۔ یہ ہمارے دور میں جو پچھلے دور میں کچھ میگا پراجیکٹس میں نے سنتا تھا کہ جی نہیں بنے، نہیں بنے، 38 ارب روپے کا اگر میں غلط نہ ہوں یہ ایک سوات ایکسپریس وے بن رہا ہے، 38 بلین کا، اور اس سے آپ دیکھیں کہ کم از کم چار پانچ ضلعے، ایسا ہے اس میں اتنا آپ کی ٹورازم اتنا آپ کی اکانومی کو فائدہ ہوگا، اگر آج سے دس سال بعد یہ بنائیں تو یہ میرے خیال میں پھر سو ارب کا بھی بنتا، اس وقت اگر 38 ارب کا بن جاتا ہے اور اس سے Toll collection ہوتی ہے اور وہ اپنے آپ کو Survive کر سکتا ہے، تو یہ میرے خیال میں کوئی بری بات نہیں ہے۔ اسی طرح بی آر ٹی کا پراجیکٹ ہے، اس کے لئے بھی لون لیا گیا ہے، اگر وہ Survive ہوتا ہے بغیر سبسڈی کے، اچھی بات ہے، لوگوں کو یہاں پر اسپیشلی میں ضرور اس پر یہ کہوں گا کہ عورتوں کی بہت بڑی پاپولیشن ہے، More than fifty percent اور وہ ہماری ورک فورس میں شامل ہیں نہیں، تو جس ملک میں ففٹی پرسنٹ عورتیں دفتر کا ماحول ٹھیک نہیں، دفتر جانے کے لئے پبلک ٹرانسپورٹ ٹھیک نہیں اور سو مسائل، تو اگر ان کو آپ Include نہیں کریں گے اکانومی میں تو پھر اس کا کیا ہوگا؟ تو اگر لوگوں کو ڈیسنٹ اور ایک اچھی ان کو ٹرانسپورٹ، پبلک ٹرانسپورٹ میسر ہو جاتی ہے تو میرے خیال میں اس میں کوئی برائی نہیں ہے۔ باقی میں اور کچھ نہیں کہوں گا، اپنی طرف سے کوشش کر رہے ہیں، ان شاء اللہ تعالیٰ اور بھی کریں گے، آپ لوگوں نے جیسا بتایا کہ Seriousness ہے، ایک سبسڈی کی طرف عنایت اللہ صاحب نے توجہ دلائی، سبسڈی ہونی چاہئیے لیکن ٹارگٹڈ سبسڈی ہونی چاہئیے، ٹارگٹڈ سبسڈی اور جنرل سبسڈی میں فرق یہ ہوتا ہے کہ ہم گھی مہنگا کر دیں تو میرے خیال میں جتنے یہاں ایوان میں بیٹھے ہوئے ہیں یہ تو گھی Afford کر سکتے ہیں تو ان کو ہم کیوں سستا دیں، مجھے کیوں آٹا سستا ملے، اگر میں Afford کر سکتا ہوں، ٹارگٹڈ سبسڈی ہوتی ہے جو کہ جس طرح Biz کا ہے کہ وہ صرف Specific لوگوں کو ٹارگٹ کر کے ان کو تو یہ ضرور میں Suggestion ان کی اچھی ہے کہ غریبوں پر اس کا Minimum بوجھ پڑے، یہ اصل چیز ہے کیونکہ ویسے بھی مہنگائی بہت زیادہ ہے، یہ نہیں کہ پچھلے دور میں اگر یہ سات مہینے میں یا آٹھ مہینے میں، تو وہ بھی ہم نے دیکھا ہے کہ اس وقت آج سے سال پہلے بھی کوئی دودھ اور شہد کی نہریں نہیں بہہ رہی تھیں، اس وقت بھی لوگ اپنے گردے بیچتے تھے، اس وقت بھی لوگ خودکشیاں کرتے تھے، اس وقت

بھی لوگ غربت سے تنگ تھے، یہ نہیں کہ کوئی آٹھ مہینے پہلے کوئی بہت اچھے، پاکستان ایسا کوئی بہت اچھا ملک تھا اور آج خدا نخواستہ عمران خان کی وجہ سے یا پی ٹی آئی کی وجہ سے کوئی تباہی ہو گئی ہے، کم از کم ایک چیز پر ضرور مطمئن رہیں، ایک چیز پر ضرور مطمئن رہیں، وہ یہ کہ ابھی نلوٹھا صاحب کی بات میں نے چھوڑ دی تھی لیکن انہوں نے یاد دلائی ہے، تو ابھی میں کر دیتا ہوں، ابھی تو ایک چل رہی ہے، ابو بچاؤ مہم، ابو بچاؤ مہم جو ابھی چل رہی ہے، یہ نیب کے کیسز ہمارے اوپر الزام لگایا جاتا ہے کہ نیب تنگ کر رہا ہے لوگوں کو، اس میں سے ایک کیس بتا دیں جو ہم نے Initiate کیا ہو، یا یہ آپ کی حکومت میں ان کے اوپر بنا ہے یا ان کی حکومت میں آپ کے اوپر بنا ہے، ہماری طرف سے کوئی نہیں Initiate کیا گیا، (تالیاں) صرف وہ ابھی چل رہے ہیں، مقصد یہ ہے کہ نیب نے اگر، آپ یہ دیکھیں کلفی والا، کلفی والے کے اکاؤنٹ سے پیسے نکلے ہیں کروڑوں روپیہ، فالودے والا، مستری، یہ کہاں سے یہ عمران خان کے اکاؤنٹ کے ہیں؟ (تالیاں) اب وہ بیچارا کہتا ہے کہ میں تو مستری ہوں، مجھے پتہ بھی نہیں ہے پیسے کدھر سے آئے؟ کسی کا ڈرائیور ہے وہ اربوں روپے باہر لے کر گئے تو جب-----

<u>محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی:</u> علیمہ بی بی کی بات بھی کریں۔

<u>سینیئر وزیر برائے سپورٹس وٹوررازم:</u> علیمہ بی بی کبھی اقتدار میں نہیں رہیں، کبھی وزیر اعظم نہیں رہیں، کبھی منسٹر نہیں رہیں (تالیاں) یہ میں------

(تالیاں)

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> نگہت! آپ سن لیں، آپ کی باری تھی، اب سن لیں، آپ سن لیں ابھی۔

<u>سینیئر وزیر برائے سپورٹس وٹوررازم:</u> اور صرف یہ ہے کہ جب کرپشن کے خلاف لوگوں کے خلاف ایکشن لیا جاتا ہے، پھر جمہوریت بھی خطرے میں پڑ جاتی ہے اور پھر ٹرین مارچ کی بھی دھمکی دی جاتی ہے کہ جو کچھ ہوا ہے اس کا نہیں لیکن جب کرپشن کے خلاف، مقصد یہ ہے میں وائنڈ اپ کرتا ہوں-----

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> سن لیں جی، سن لیں۔

<u>سینیئر وزیر برائے سپورٹس وٹوررازم:</u> اب کوئی فخر کی بات نہیں ہے کہ زرداری صاحب نے، ایسا بتا رہے ہیں جیسے زرداری صاحب نے پہلے بھی پی ایچ ڈی کی تھی اور وہ دوبارہ پی ایچ ڈی کر رہے ہیں، اب یہ کوئی فخر کی بات نہیں، (تالیاں) کرپشن میں اگر کوئی جیل جائے تو یہ کوئی فخر کی بات تو نہیں ہے۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> نگہت! سن لیں، سن لیں۔

<u>سینیئر وزیر برائے سپورٹس وٹورازم:</u> یہ کوئی فخر کی بات تو نہیں ہے کہ آپ کہہ رہے ہیں کہ وہ پہلے بھی جیل گئے ہیں، وہ کونسا کشمیر انہوں نے فتح کیا تھا یا ورلڈ کپ جیتا تھا؟

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> کراس ٹاک نہیں، کراس ٹاک نہیں جی، کراس ٹاک نہ کریں، کراس ٹاک نہ کریں جی، کراس ٹاک نہ کریں جی۔

<u>سینیئر وزیر برائے سپورٹس وٹورازم:</u> اچھا اس طرح ہے سپیکر صاحب، بہت سیریس ایشو ہے، حقیقت میں بہت سیریس ایشو ہے مہنگائی کا، ہم لوگوں کو خود بھی احساس ہے، کوشش یہ ہے Highest level پر، پرائم منسٹر لیول پر یہ ایم پی ایز جو سارے بیٹھے ہوئے ہیں انہوں نے خود پرائم منسٹر صاحب سے بھی ڈسکشن کی ہے کہ جی مسئلہ ہے، کیا کیا جا سکتا ہے؟ انہوں نے پھر ہمیں یہ بتایا کہ یہ ہو رہا ہے، یہ ہو رہا ہے، یہ نہیں کہ ہو نہیں رہا لیکن ان شاء اللہ تعالیٰ ڈائریکشن ٹھیک ہے، نیت ٹھیک ہے، پہنچیں گے ضرور لیکن تھوڑا سا ٹائم ضرور لگے گا۔ بہت شکریہ جی، تھینک یو۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> وہ میں نے پراسیس لکھ دیا ہے اور ٹائم پر آ جائیں، پراسیس کے لئے لکھ دیا ہے، ابھی، ایک منٹ ایک منٹ، خوشدل خان، یہ آئٹم نمبر 82 اور 83 بحث کے لئے مقرر ہے لیکن شاید آج اس پر بحث نہ ہو سکے، اس کو کل لیں گے، میں پہلے سے اناونس کرنا چاہ رہا ہوں۔ صلاح الدین صاحب۔ مه کوئ جی، هغه نور هم چې خبرې اوکړی جی، دوئ له هم موقع ورکړئ۔ صلاح الدین صاحب۔

<u>Mr. Salahuddin:</u> Thank you, Mr. Speaker Sir, finally I got the Floor, I had been waiting for it, and it would have been much better if I had been given the Floor a little bit earlier, as Atif Khan, had already responded to us all the issues, and my concern, only concern will be to say that though I appreciate what he said, but by the time they were not in government and when Imran Khan used to say, let me read it out; because I had been in that party as well for some time, for a quite while actually, and Imran Khan, used to say that "Price hike, inflation, joblessness", that means incompetence and complete failure of the government of the day. Now, let's make it a parameter, what he said, let's make that a parameter, what he said, how is that performing? Now, look at the price hike and price hike is a really long and really debatable thing but I am not a lecturer and I am not delivering a lecture on this topic, but one of the major components of price hike, I will be

coming to word joblessness, later on, at the latest stage but let me say this, take inflation first, the major part of this and the root cause, that is inflation. Now, what has happened to inflation? Let's just and as Atif Khan, had been saying that what we say on the floor of the House, that should be authentic and this is authentic document I had been given by the researcher from our library today. Mr. Speaker Sir, let me say; Pakistan's inflation is, as I mentioned it earlier, that this is the major component of price hike and where it is, where do we stand? First keep in mind please, all the treasury benches, my colleagues and even the honourable Ministers as well, just to compare what Imran Khan said, "that would be incompetence and complete failure on the part of government, if we have inflation, if we have joblessness and if we have the price hike", that's what Imran Khan, used to say. Now, you compare yourself; let's see how we are performing or how the government is performing, whether at provincial level or at the federal level? Now, Pakistan's annual inflation rate rose to 9.41, 9.41 percent in February of 2019 from 8.21 in the previous month, can we imagine that? That much of increase we had already and as compare to the previous month, we had and yet another increase and that is authentic document, I am showing even to the media, authentic document. Yeah, it was the high, that's what it says; it was the highest inflation rate since November, 2013. So, it was by that time and now what happened in this? Okay, I would take it, that is fine, we are not expecting that things will change overnight, they wouldn't change but we need to have the right person at the right place and the right people at the right place, so that things would fall at the right places. Mr. Speaker Sir, it further says that on the other hand, on the other hand, cost slowed for education now, previously it was 10.21 percent something that was spent on education, now that has gone down, this time this has gone down to 6.21 percent and that's what else can I say apart from that, that's shameful. I am totally ashamed for having these figures. I was expecting something better from Tabdeeli Sarkar actually. Mr. Speaker Sir! Inflation rate in Pakistan, average 7.7 percent from 1957 to 2019, I know, this is average but it has even increased under the current government, which is really, we can not appreciate it and as Atif Khan, mentioned earlier that we had debts,

we had debt problem; I understand this but while making promises before elections, you should have thought about all these things, that you will be confronted one day with the public and you will have to face them. Why did you make these promises? Was it a part of something? Was it part of befooling the common or the masses or people, common people like me? And if not, then we are expecting that from you, that you will be increasing and the debts even by that time you knew that the debts are there and you have to tackle them. So, what is that? Is that incompetence or failure of government or what has so far been done? Mr. Speaker Sir, let me take another document, that is also from the researchers. No. one can deny these figures, I challenge and this is say CPI; which is Consumer Price Index, that has increased by 9.4 percent year on year basis in March, 2019, as compare to an increase of 2.8 in the previous month and 3.2 percent in March, 2018, on month to month basis, it increased by 1.4 percent in March, 2019, as compare to an increase of 0.6 percent in the previous month and increase of 0.3 percent in the corresponding month i.e. March, 2018, is that what we were expecting? Is that what people of Pakistan or is that the people or masses of Pakhtunkhwa were expecting from the new government, from Tabdili Sarkar? It's quite strange actually and I am not only criticizing, I actually want to divert your attention towards this, this is very serious, very precarious situation, if we continue to do like this, where would we end up? We obviously will be in crises and we are in crises already. So, these things should be taken into consideration very seriously at priority level. I know there is concern and as Atif Khan, mentioned that we are concerned about it, but can I ask, is that enough to say? We need some actions, we need some improvement and we need to go infront of the people and say that look we are dealing, not only treasury benches people that we have things in mind, we are trying to settle things down seriously and we have an approach towards it, and let me just mention whatever Inayatullah Khan, had mentioned, whatever my elder Khushdil Khan, had mentioned and Nighat Orakzai Sahiba, whatever she, I am not touching upon those things, I had wanted to speak for a little bit longer but they touch all these, these figures and things I am just mentioning, one thing, why we have this thing, fall of export? Now, export, our exports, since the

current government has taken over, our export has fallen by 11 percent, by 11 percent, our export has fallen down, it used to be 16.096 billion dollar, now it has, should. I just wait for!

(عصر کی اذان)

Mr. Deputy Speaker: Ji. Salahuddin Sahib.

Mr. Salahuddin: Thank you, Mr. Speaker Sir, I will continue, I will resume where I had left. So, let's just talk of the export, so, we have that much 11.11 percent decrease in our export. So, where we are leading to? Where are those false hopes and if they are not false then why people were shown these green gardens that it will be this in Riyasat-e-Madina? It will be this and that? I understand that there are hurdles and they might be working towards it, but that's not enough, enough has not been done and as we can see at the moment. Let me go towards another important, World Bank, World Bank has prognosticated or its forecast, that inflation will rise from 7.1 percent to 13.5 percent and I would like at least a Minister or a responsible person to respond to me as well, either Lodhi Sahib, or honorable Bangash Sahib, or Sultan Khan, any one of them, to give me a surety that this is what it says, that it's going to rise as a result of exchange rate depreciation in energy prices. So, when we can expect some light at the end of the tunnel? At least we should be told that there would be at least some light at the end of the tunnel, we would like this to see. Mr. Speaker Sir! Let me just mention, just the increase of petrol prices, everybody know, I am really sure, everybody knows, you know that, to say, as well but this is my challenge, this is my challenge that whatever I have been given or I am paid for my petrol cost, I am offering you the double of it, please put petrol in my car, I am offering you this one, Mr. Speaker Sir. Can this be taken? Is there anybody who can take my bit? Whatever we have been given with the increase with inflation, with the increase of prices, with price hike, the wages should go up as well, but there is no proportion in them. It's just going up and we don't know when to stop? Let's just mention the prices of tomatoes, it says 315.5 percent this month is increase in tomatoes price and no one can deny this document, as I got it of the library as a result of research. Where we are leading to and how we have to tackle or the government has to tackle? We are there to help you but please be serious about it. Mr. Speaker Sir, let`s just talk at the

moment about the joblessness, job situation, jobs. How, where are those ten millions jobs? At the moment, before just coming over, I met one of the persons and he was complaining, he has been made jobless as a result of the provincial government policy. He has been made jobless and I was just asking him the same question that don't worry about it, ten million jobs are on the way, so, you well have plenty but can we take it a bit serious as well, when that is going to happen? And jobs, how we are providing and how jobs should be? Jobs should be on the basis of sustainable growth. Will we be inducting more people in police, in PIA, in railway? They are already on the verge of collapse. So, where we will employ these people? No idea, no roadmap at all, at least we should be told as well, we should be taken into confidence as well, that this is, these are the steps we are taking and these are the processes through which we will be attaining this, but just we are told and Atif Khan, has been saying that we need to be authentic. So, whatever I was saying, that was authentic, we should be given an authentic surety as well. Mr. Speaker Sir, if it would be me, my team and my colleagues on that side of the 'ayes', I would have done it. There is a possibility, it means just competence, it needs mind, we need to explore ways, not to put too much pressure on the treasury, we are already in debts million and billions to out side and internal debts, so, how we would do it? Not to put more pressure on our treasury and to provide jobs and thereby with providing despite providing jobs to generate revenue as well, but for that at least we people should have been on that side, it`s just on a light note but all we need to say and all I want to say, is to be having a serious approach towards it, and just saying that we are doing it and it will happen, it won't happen. We have seen so many things that just don't happen. You need to have the right tools with the right person and to hit it that time. Thank you, Mr. Speaker Sir.

(Applauses)

Mr. Salahuddin: Just one more question, it is a question actually, this is a question from Atif Khan, and he spoke of the eighty billion dollars received from Asian Development Bank, could we have a detail? If he doesn't mind or any one doesn't mind, could we have detail of them that where did they spend during 2017 to 2018? Thank you, Mr. Speaker Sir.

جناب ڈپٹی سپیکر: سردار اورنگزیب نلوٹھا صاحب!

سردار اورنگزیب: شکریہ جناب سپیکر صاحب۔ میں پہلے تو آپ کو مبارکباد پیش کرتا ہوں عمرے کی سعادت اللہ نے آپ کو نصیب کی ہے اور دوسری بات سپیکر صاحب! یہ بہت اہم ایشو جو اپوزیشن نے اپنے اس ریکوزیشن میں لایا ہے، میرے خیال کے مطابق اس وقت جو سیچویشن جا رہی ہے یہ پورے پاکستان کے اندر مہنگائی کا ایک ایشو جو ہے وہ ہر جگہ پہ زیر بحث ہے جس طرح اپوزیشن کے ممبران کی ذمہ داری ہے اس مہنگائی کے اوپر بات کرنا اور حکومت کی ذمہ داری ہے کہ وہ اس کے اوپر کس طرح کنٹرول کرتی ہے، آپ نے جس طرح فرمایا ہے کہ صوبے کے حوالے سے بات کی جائے تو میں یہ سمجھتا ہوں کہ اس مہنگائی کا تعلق زیادہ تر مرکز سے ہے کیونکہ تیل کی قیمتیں کم کرنا بڑھانا مرکز کے کنٹرول میں ہے، بجلی اور گیس کی قیمتیں تو اسی وجہ سے یہ جو مہنگائی کا ایک طوفان آیا ہے تو میرے خیال کے مطابق ان چیزوں کو بھی ضرور زیر بحث لانا چاہئیے۔ ایک تو مہنگائی ہے اور ایک سپیکر صاحب مصنوعی مہنگائی ہے جو صوبائی حکومت کی ذمہ داری ہے، اگر وہ سیریس ہو کہ مصنوعی مہنگائی پر اگر کنٹرول کیا جائے تو بہت سی کھانے پینے کی کم از کم جو اشیاء ہیں اس میں کمی لائی جا سکتی ہیں اور دوسری بات سپیکر صاحب! جو آدمی بھی ہمیں جواب دے، میں یہ دو تین چیزیں جو میں یہ سمجھتا ہوں جس طرح دوسرے میرے دوستوں نے بات کی ہے کہ کیا واقعی مہنگائی کی شرح چار فیصد سے بڑھ کر 9.40 تک پر پہنچ گئی ہے؟ کیا یہ بات درست ہے؟ کیا یہ بات بھی درست ہے کہ معاشی ترقی کی شرح جو 5.8 تھی اب وہ کم ہو کر 3.9 ہو گئی ہے، کیا یہ بات بھی درست ہے کہ ڈالر کی قیمت جو ایک ریکارڈ اس میں اضافہ ہوا ہے، پیپلز پارٹی کی حکومت جب ختم ہوئی تھی تو ایک ڈالر سو روپے میں تھا، پاکستانی سو روپے میں اور جب پاکستان مسلم لیگ نون کی حکومت ختم ہوئی تو اس ڈالر کی قیمت 106 روپے تک تھی کیا، اب یہ واقعی سو چوالیس یا ساڑھے چوالیس پر پہنچ گئی ہے، یہ بات سچ ہے؟ سپیکر صاحب، اگر آپ تجزیہ کریں تو پچھلے نو مہینوں میں 140 پرسنٹ گیس مہنگی ہوئی ہے، ہمارے اس ملک میں، بجلی کی قیمتیں 40 پرسنٹ بڑھی ہیں۔۔۔۔۔

ایک رکن: سپیکر صاحب! کورم پورا نہیں ہے۔

سردار اورنگزیب: سپیکر صاحب، جو ڈیزل اور پٹرول چھیالیس روپے لیٹر تھا۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ایک منٹ جی، کاؤنٹ کریں۔

(اس مرحلے پر ممبران کی گنتی کی گئی)

جناب ڈپٹی سپیکر: دو منٹ کے لئے گھنٹیاں بجائی جائیں۔

(گھنٹیاں بجائی گئیں)

جناب ڈپٹی سپیکر: سیکرٹری صاحب! کاؤنٹ کریں،

The quorum is not complete, 17 Members. The session is adjourned till 1.30 pm, tomorrow afternoon.

(اجلاس بروز منگل مورخہ 16اپریل بعداز دوپہر ایک بجکر تیس منٹ تک ملتوی ہو گیا)